Titas® FOOTWEAR

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

بروز قیامت سب سے پہلے
ان لوگوں کو جنت کی طرف
بلایا جائے گا جو ہر حال میں
اللہ عزوجل کا شکر کرتے ہیں۔
(احیاء العلوم ج 5 ص 164)

Pages-08 ● 221:شمارہ ● 13:جلد ● KOLKATA ● Tuesday, 18th August 2026 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۴ ربیع الاوّل ۱۴۴۸ھ ● بمطابق ● ۱۸/اگست ۲۰۲۶ء ● منگل ● کلکتہ

# ہم ریاست کو صنعت سے بھر دیں گے: شوبھیندو
## پرولیا سے جنگل محل تک مہاجر مزدوروں کیلئے وزیر اعلیٰ کا پیغام



17/اگست: پرولیا بنکورہ اور جنگل محل کے بہت سے لوگ بھوک کی وجہ سے کام کے لیے دوسری ریاستوں میں چلے گئے ہیں۔ وزیر اعلی سویندو ادھیکاری نے انہیں ریاست واپس آنے کا پیغام دیا۔ ان کے الفاظ میں، "آپ واپس آجائیں، ہم اسے صنعت سے بھر دیں گے۔" وزیر اعلیٰ نے ریاست میں صنعت کو ترقی دینے کے لیے ریاستی حکومت کیا کر رہی ہے اس کا حساب بھی پیش کیا۔

سویندو نے کہا کہ انہوں نے حال ہی میں میچیا میں 15,000 کروڑ روپے کی ایک نئی شیام اسٹیل فیکٹری کا سنگ بنیاد رکھا۔ وہاں تقریباً 10,000 لوگوں کو روزگار ملے گا۔ امیت میٹا لک نے 4000 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔ جمعرات کو وزیر اعلیٰ پرولیا کے رگھوناتھ پور میں اس پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہاں بھی جنگل محل کے 10,000 غیر ہنر مند کارکنوں کو کام ملے گا۔ سویندو نے کہا، "جنگل محل کے لوگوں کو کام دینا چاہیے، انھیں کام دینا چاہیے۔ انھیں کام دینا چاہیے۔" پیر کو امیت میٹالیکس لمیٹڈ کے 4000 کروڑ روپے کے پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں وزیر اعلیٰ کے علاوہ 7 وزراء موجود ہوں گے۔ امیت میٹالیکس کے مربوط گرین فیلڈ پروجیکٹ میں کیپٹیو پاور پلانٹ، فیروالائے اور اسفنج آئرن شامل ہیں۔ یہ منصوبہ 148 ایکڑ اراضی پر تعمیر کیا جائے گا۔ اس منصوبے سے براہ راست اور بالواسطہ روزگار پیدا ہوگا۔ اس دن وزیر اعلیٰ نے کہا کہ امیت میٹالیکس نے ریاست سے وعدہ کیا ہے کہ وہ جنگل محل کے 10,000 غیر ہنر مند کارکنوں کو کام فراہم کریں گے۔ اس سلسلے میں شوبینڈو ادھیکاری، کممنی باؤری، جیوترموئے سنگھ مہتو سے بات چیت ہوئی ہے۔

# روس کا زیلنسکی کی دہلیز پر خوفناک حملہ! بھارتی ارب پتی لکشمی متل کا سٹیل پلانٹ تباہ، 2 ہلاک





17/اگست: بھارتی ارب پتی لکشمی متل کی کمپنی اب روس یوکرین جنگ کا شکار ہے۔ اتوار کو یوکرین نے روس پر مہلک ڈرون حملہ کیا۔ جوابی کارروائی میں روسی فوج نے زیلنسکی کے آبائی شہر بیلگام پر حملہ کیا۔ حملے میں بھارتی صنعتکار کا سٹیل پلانٹ تباہ ہوگیا۔ اس واقعے میں اب تک 2 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ حملے کے بعد فیکٹری کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔

اس حملے کے حوالے سے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ کریوی رِیح شہر پر روسی میزائل حملے میں اب تک 2 افراد ہلاک اور 14 زخمی ہو چکے ہیں۔ مرنے والوں میں ایک مرد ہے، دوسرا عورت ہے۔ روس جہاں بھی بیلسٹک حملے کر رہا ہے وہاں بنیادی ڈھانچے کو چن چن کر نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ادھر لکشمی متل کی کمپنی نے کہا ہے کہ اس (باقی صفحہ 5 پر)

# مغربی بنگال: بیربھوم کے ایک ہوٹل میں خوفناک آتشزدگی، 8 افراد جاں بحق، تفتیش جاری



17/اگست: پیر کے روز مغربی بنگال میں بیربھوم واقع تاراپیٹھ علاقہ کے ایک ہوٹل میں آگ لگ گئی۔ پولیس اہلکار کے مطابق آتشزدگی میں 8 افراد کی موت ہوگئی اور کئی دیگر افراد جھلس گئے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ صبح 5 بجے تاراپیٹھ مندر علاقے میں واقع 4 منزلہ ہوٹل کی پہلی منزل پر آگ لگی۔ اس وقت ہوٹل میں بیشتر افراد سو رہے تھے۔ آتشزدگی کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں اور آگ پر قابو پایا۔ زخمیوں کو رام پور ہاٹ سرکاری میڈیکل کالج (باقی صفحہ 5 پر)

# لکھی سرائے کے مشہور 'اشوک دھام مندر' میں اچانک بھگدڑ نے 7 عقیدتمندوں کی لی جان، کئی زخمی



پٹنہ، 17/اگست: بہار کے لکھی سرائے واقع مشہور 'اشوک دھام مندر' میں آج صبح دردناک حادثہ پیش آیا۔ ساون کے تیسرے سوموار پر بھگوان شیو کے 'جلابھشیک' کے لیے پہنچے ہزاروں کی تعداد میں عقیدتمند پہنچے ہوئے تھے۔ اسی دوران بجلی کا تار گرنے سے عقیدتمندوں میں زبردست بھگدڑ مچ گئی۔ اس حادثہ میں کم از کم 7 عقیدتمندوں کی موت ہوگئی، جبکہ 12 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو علاقہ کے قریبی اسپتالوں میں (باقی صفحہ 5 پر)

# پاکستانی فوج بلوچستان میں بری پھنسی! بی ایل اے نے 26 پاکستانی جوانوں کو ہلاک کرنے کا کیا دعویٰ

17/اگست: 'بلوچ لبریشن آرمی' (بی ایل اے) نے گزشتہ 8 دنوں میں بلوچستان میں کئی حملے کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ بی ایل اے کا دعویٰ ہے کہ اس کے جنگجوؤں نے 8 دنوں میں بلوچستان میں مجموعی طور پر 22 حملے کیے۔ دعویٰ یہ بھی کیا گیا ہے کہ ان حملوں میں پاکستانی سیکورٹی فورسز، پولیس چوکیوں، فوجی قافلوں اور مبینہ طور پر حکومت کے حمایت یافتہ مسلح گروہوں کو نشانہ بنایا گیا۔ بی ایل اے کے مطابق ان حملوں میں پاکستانی فوج اور مبینہ 'ڈیتھ اسکواڈ' کے تقریباً 26 جوان مارے گئے۔ ان حملوں میں کئی جوانوں کے زخمی ہونے کا دعویٰ بھی کیا جا رہا ہے۔ بی ایل اے کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایک مبینہ رکن کو زندہ پکڑا گیا ہے۔ بی ایل اے کے مطابق اس کے جنگجوؤں نے (باقی صفحہ 5 پر)

# 'بذات خود ملاقات کیجیے'، جھارکھنڈ میں طلبا تحریک سے متعلق راہل گاندھی نے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو لکھا خط

17/اگست: لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے رانچی میں طلبا کے احتجاج پر جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو ایک خط لکھا ہے۔ اس خط میں انہوں نے مشورہ دیا ہے کہ وہ بذات خود احتجاج کرنے والے طلبا سے ملاقات کریں تاکہ ان کی تشویش دور کرنے کے لیے جھارکھنڈ حکومت کے عزم کو مضبوط کیا جا سکے۔ قابل ذکر ہے کہ جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین کی قیادت میں جھارکھنڈ مکتی مورچہ (جے ایم ایم)، کانگریس، بایاں محاذ اور آر جے ڈی کی حکومت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ راہل گاندھی نے خط لکھ کر وزیر اعلیٰ سورین کو خصوصی طور پر مشورہ (باقی صفحہ 5 پر)






روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | منگل، ۱۸/ اگست ۲۰۲۶ء

## مردم شماری 2027 دوسرا دور

### لوگ 40 سوالوں کے جواب کے لئے تیار ہو جائیں

مردم شماری 2027 کا کام جو یکم اگست تا 15، اگست ہوا اب 16 اگست سے 14 ستمبر تک دوسرے دور کا کام شروع ہوا ہے جس میں مرکزی حکومت نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے کہ مردم شماری کرنے والے ذمہ داران اپنی اپنی حد بندیوں تک تمام گھروں کا دورہ کریں گے اور ان سے جو سوالات پوچھے جائیں گے ان کی تفصیل دیدی گئی ہے جس میں ذات پات فرقہ کے ساتھ بینک اکاؤنٹ بشمول کووڈ کے موقع پر ویکسن لیا تھا یا نہیں وہ بھی معلوم کیا جائے گا۔ ویسے پتہ چلا تھا کہ حکومت ذات پات فرقہ کے بارے میں پوچھنا نہیں چاہے گی۔ ویسے بہت سارے لوگ اپنے نام کے ساتھ پہلا نام جو لکھتے ہیں اس سے اس کی ذات فرقہ کا پتہ تو چل ہی جاتا ہے۔ رجسٹرار جنرل آف انڈیا (آر جی آئی) کی طرف سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے اس میں کل ملا کر ایک شخص سے پورے 40 سوالات پوچھے جائیں گے اس مرتبہ مزید 13 سوالات شامل کئے گئے ہیں جو مردم شماری 2011 میں نہیں تھے۔ جیسے 2011 کے مردم شماری میں اسے پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں سمجھی گئی تھی کہ کس کی ذات کیا ہے اور وہ کس فرقہ سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس مرتبہ جو مردم شماری کرائی جا رہی ہے اس میں ذات پات، فرقہ، بینک اکاؤنٹس کو لازمی قرار دیا گیا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مردم شماری 2026 اصل میں SIR کی دوسری قسط ہے۔ یکم اگست تا 16 اگست تک لوگوں سے کہا گیا تھا کہ وہ اپنی ساری معلومات آن لائن فراہم کریں، لیکن کولکاتا شہر، قرب و جوار اور مضافات کے رہنے والوں میں کچھ فیصد ایسے لوگ ہیں جو انٹرنیٹ سے خود کو جوڑے ہوئے ہیں اور ایسے کتنے لوگ ہیں جو سائبر کیفے میں جا کر اپنی ساری معلومات مہر بند کرا سکتے ہیں پتہ چلا کہ پہلے دور میں صرف 1% لوگ ہی اس طریق کار پر متفق ہو کر اپنے موبائل کے ذریعہ آن لائن ساری معلومات مہر بند کرا سکے ہیں لیکن کولکاتا شہر اور آس پاس اور اضلاع میں رہنے والوں میں 69% لوگ ایسے ہیں جنہیں دن کو کھانا مل جاتا ہے تو وہ رات کے کھانے کے سلسلے میں سوچ و فکر میں پڑ جاتے ہیں اور لاکھوں کی تعداد میں ایسے لوگ پورے شہر و مضافات میں نظر آئیں گے ان سے بھلا کوئی کیا توقع کر سکتا ہے کہ وہ اپنی تفصیلات رقم کرانے سائبر کیفے تک جائیں گے۔ جہاں تک افسر شاہی دور غلامی کی بات کریں تو 1931ء میں آخری مرتبہ مردم شماری میں ذات پات اور فرقے سے متعلق سوالات کئے گئے تھے لیکن 1931 کے بعد اب تک جو مردم شماری کرائے گئے اس میں کہیں بھی ایسے سوالات پوچھنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی لیکن اس مرتبہ زور دیکر ذات پات کے بارے میں تفصیل سے آگاہی معلوم کیا جائے گا تو اس کے پیچھے مقصد کیا ہے۔ اس مرتبہ 13 نئے سوالات جو شامل کئے گئے ہیں اس میں ایک شخص/ خاتون سے اس کی بیوی/شوہر کے بارے میں پوچھا جائے گا قومیت جو مصدقہ ہو، ذات، والد کی تفصیلات، مستقل رہائشی پتہ، کووڈ-19 کے ٹیکے کہاں لئے گئے، بینک اکاؤنٹس کی تعداد، موبائل نمبر، آدھار نمبر، ووٹر آئی ڈی نمبر، پاسپورٹ نمبر اور ڈرائیونگ لائسنس، اس مردم شماری کے سلسلے میں کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے کی تحریر کردہ مکتوب سنیئر کانگریس لیڈر جے رام رمیش نے پی ایم مودی کے حوالے کیا اور اس مکتوب میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ ابھی حکومت تلنگانہ نے جس انداز میں مردم شماری کرائی، اسی طرز پر دوسری ریاستوں میں کرائی جائے۔ کانگریس صدر کھڑگے نے یہ کہا بھی تھا کہ مردم شماری کرانے سے پہلے حکومت تمام سیاسی پارٹیوں سے بات چیت کرے، لیکن مودی حکومت نے اس کی ضرورت بھی نہیں سمجھی اور نہ ہی کسی سیاسی پارٹی سے کوئی رابطہ ہی رکھا۔ اس مردم شماری 2027 کے سلسلے میں نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ 40 سوالات پوچھے جائیں گے تو اس پر کوئی اعتراض نہ جاتے ہوئے صرف یہ سوال بہتوں نے کیا کہ مردم شماری 2027 کے سلسلے میں ذات معلوم کرنے پر زور کیوں دیا جا رہا ہے؟ (خ الف ف)

# تحریکِ آزادی میں اردو زبان وادب کا کردار

محمد انصار ندوی، چندر سین پور۔ مدھوبنی

ہندوستان کی آزادی کی تاریخ اگر صرف معرکوں، محاذوں، قید خانوں اور پھانسی کے تختوں کی تاریخ ہوتی تو شاید اس کے بیان میں اتنی وسعت نہ ہوتی۔ آزادی کی یہ داستان دراصل ہندوستان کے جسم کے ساتھ اس کے ذہن کی بھی داستان ہے؛ یہ تلوار کے ساتھ قلم کی، میدانِ جنگ کے ساتھ میدانِ فکر کی، خون کے ساتھ آنسو کی اور قربانی کے ساتھ شعور کی تاریخ بھی ہے۔ کسی قوم کو سیاسی غلامی سے نجات دلانے کے لیے صرف شمشیر کی ضرورت نہیں ہوتی، اس سے پہلے ذہنوں کو غلامی سے آزاد کرنا پڑتا ہے، دلوں میں حریت کا چراغ روشن کرنا پڑتا ہے، لوگوں کو یہ احساس دلانا پڑتا ہے کہ غلامی کوئی مقدر نہیں بلکہ ایک ایسی حالت ہے جسے عزم، اتحاد اور قربانی سے بدلا جا سکتا ہے۔ ہندوستان کی تاریخِ آزادی میں یہ عظیم فریضہ جس زبان نے نہایت نمایاں طور پر انجام دیا، وہ اردو تھی۔ اردو نے ہندوستان کے مختلف علاقوں، طبقوں اور تہذیبی حلقوں کو ایک دوسرے سے قریب کیا؛ اس نے سیاسی بیداری پیدا کی، قومی شعور کو مہمیز دی، ہندو مسلم اتحاد کا پیغام عام کیا، سامراجی اقتدار کے خلاف مزاحمت کی فضا پیدا کی اور اپنی نظم و نثر، صحافت، خطابت اور افسانوی ادب کے ذریعے آزادی کو ایک زندہ جذبے میں تبدیل کر دیا۔

یہاں ایک نہایت اہم سوال پیدا ہوتا ہے کہ اردو نے یہ خدمت کیوں انجام دی؟ اس کا جواب خود اردو کی تاریخ میں پوشیدہ ہے۔ اردو کسی ایک خاندان، ایک طبقے یا ایک مذہبی جماعت کے گھر میں پیدا ہونے والی زبان نہیں؛ یہ ہندوستان کے مختلف لسانی و تہذیبی عناصر کے میل سے وجود میں آئی۔ اس کے الفاظ میں ہندوستان کی مٹی کی خوشبو ہے، اس کے لہجے میں ہندوستانی معاشرے کی مشترکہ آواز ہے اور اس کے ادب میں مختلف تہذیبوں کے تجربات محفوظ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب ہندوستان پر غلامی کی تاریکی چھائی تو اردو نے اس تاریکی کو محسوس کیا اور جب آزادی کی صبح کی امید پیدا ہوئی تو اردو نے سب سے پہلے اس امید کو زبان دی۔

:- آزادی کا پہلا شعور اور اردو

ہندوستان میں انگریزی اقتدار کے خلاف مزاحمت کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ انیسویں صدی میں مختلف مقامات پر جو بغاوتیں اور مزاحمتی تحریکیں اٹھیں، ان میں ایک طرف عملی جدوجہد تھی تو دوسری طرف فکری اضطراب بھی۔ ۱۸۵۷ء کی بغاوت نے اس اضطراب کو ایک بڑے سیاسی طوفان کی صورت عطا کی۔

:- ۱۸۵۷ء ہندوستان کی تاریخ میں ایک سنگِ میل ہے۔

میرٹھ سے شروع ہونے والی بغاوت جب دہلی پہنچی تو مغلیہ سلطنت کے آخری تاج دار بہادر شاہ ظفر کو علامتی طور پر ہندوستانی مزاحمت کا مرکز بنا دیا گیا۔ دہلی اردو تہذیب وادب کا مرکز تھا اور اس وقت اردو صرف شاعری کی زبان نہیں بلکہ شہری زندگی، سیاسی گفتگو اور صحافت کی بھی ایک اہم زبان بن چکی تھی۔ بہادر شاہ ظفر خود شاعر تھے۔ ان کی شاعری میں شکست خوردہ عہد کا کرب، اجڑے ہوئے وطن کا نوحہ اور بدلتے ہوئے زمانے کی بے ثباتی محسوس ہوتی ہے:

لگتا نہیں ہے دل مرا اجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالمِ ناپائدار میں

یہ شعر اگرچہ براہِ راست سیاسی نعرہ نہیں، لیکن اس کے پس منظر میں جو اجڑا ہوا وطن اور شکستہ عہد ہے، وہ ۱۸۵۷ء کے ہندوستان کی اجتماعی کیفیت کا آئینہ بن جاتا ہے۔

۱۸۵۷ء کے بعد برطانوی حکومت نے نہ صرف سیاسی مخالفین کو کچلا بلکہ زبان و قلم کے محاذ کو بھی اپنے اقتدار کے لیے خطرہ سمجھا۔ اردو پریس پر سخت نگرانی ہوئی، متعدد صحافیوں اور اہلِ قلم کو گرفتار کیا گیا اور اخبارات پر پابندیاں عائد کی گئیں۔
یہ اس حقیقت کی پہلی بڑی شہادت تھی کہ حکومت تلوار سے زیادہ قلم سے خوف زدہ ہو سکتی ہے۔

:- مولانا محمد باقر: صحافت کا پہلا شہید

اردو صحافت کی تاریخ میں مولانا محمد باقر کا نام نہایت احترام سے لیا جاتا ہے۔ ان کا دہلی اردو اخبار ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ خیز زمانے میں برطانوی اقتدار کے خلاف رائے عامہ کی تشکیل میں نمایاں تھا۔ انہوں نے صحافت کو محض خبر رسانی کا وسیلہ نہیں سمجھا بلکہ اسے قومی ذمہ داری کا درجہ دیا۔
۱۸۵۷ء کی ناکامی کے بعد مولانا محمد باقر کو انگریز حکومت نے گرفتار کیا اور انہیں موت کی سزا دی گئی۔ یوں اردو صحافت کی تاریخ میں آزادی کا باب ایک ایسے صحافی کے خون سے لکھا گیا جس نے قلم کی قیمت اپنی جان دے کر ادا کی۔
یہ واقعہ اس حقیقت کا روشن ثبوت ہے کہ آزادی کی جنگ صرف میدان میں نہیں لڑی جا رہی تھی۔ ایک طرف سپاہی بندوق لیے کھڑے تھے اور دوسری طرف صحافی قلم لیے۔ ایک طرف توپیں گرج رہی تھیں اور دوسری طرف اخبار کے صفحات عوام کے ضمیر کو جھنجھوڑ رہے تھے۔

:- اردو صحافت: قومی بیداری کا سب سے مؤثر ذریعہ

تحریکِ آزادی میں اردو صحافت کا کردار اس قدر وسیع ہے کہ اس پر مستقل کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ اخبارات نے سیاسی واقعات کی اطلاع دینے کے ساتھ ساتھ عوام کے ذہن کی تربیت کی۔ انہوں نے حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کی، عوام کو ان کے حقوق سے آگاہ کیا، قومی مسائل پر گفتگو کی اور آزادی کے تصور کو عام کیا۔
صحافت کی اصل طاقت یہ ہے کہ وہ ایک خیال کو ہزاروں ذہنوں تک پہنچا دیتی ہے۔ ایک تقریر چند ہزار افراد سنتے ہیں، مگر اخبار ایک ہی دن میں ہزاروں گھروں تک پہنچ سکتا ہے۔ اسی لیے برطانوی حکومت نے اردو پریس کو بارہا اپنے لیے خطرہ محسوس کیا۔
بیسویں صدی میں اردو صحافت نے آزادی کی تحریک کو نئی قوت عطا کی۔ الہلال، البلاغ، ہمدرد، زمیندار، کامریڈ اور دوسرے اخبارات و رسائل نے سیاسی شعور پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

:- مولانا ابوالکلام آزاد اور الہلال

اگر اردو صحافت کی تاریخ میں کسی ایک شخصیت کو فکری انقلاب کی علامت کہا جائے تو مولانا ابوالکلام آزاد کا نام سب سے پہلے آتا ہے۔
مولانا آزاد کے ہاں قلم محض اظہار کا وسیلہ نہیں بلکہ دعوت، اصلاح اور انقلاب کا ذریعہ تھا۔ انہوں نے اردو نثر کو خطابت کا جوش، عربی و فارسی علمی روایت کی گہرائی، قرآن کی معنویت اور ہندوستانی قومی زندگی کا درد عطا کیا۔
الہلال کا اجرا محض ایک اخبار کا اجرا نہ تھا؛ یہ ایک فکری تحریک کا آغاز تھا۔ الہلال نے مسلمانوں میں سیاسی بیداری پیدا کی اور انہیں ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد سے وابستہ ہونے کی دعوت دی۔
مولانا آزاد کی نثر کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ قاری سے محض ذہنی سطح پر گفتگو نہیں کرتی بلکہ اس کے ضمیر کو مخاطب کرتی ہے۔ ان کے جملوں میں خطیب کی گھن گرج، مفکر کی بصیرت، ادیب کی شائستگی اور مجاہد کا عزم ایک ساتھ نظر آتا ہے۔
وہ جانتے تھے کہ غلام قوم کو پہلے اپنی روحانی اور فکری قوت کا احساس دلانا ضروری ہے۔ اسی لیے ان کی تحریروں میں قرآن، تاریخ، سیاست اور قومی زندگی ایک دوسرے سے مربوط دکھائی دیتے ہیں۔
الہلال نے ہندوستانی مسلمانوں کو یہ پیغام دیا کہ وہ اپنے عہد کے سیاسی واقعات سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتے۔ ہندوستان کی آزادی ان کی بھی آزادی ہے اور وطن کی تعمیر میں ان کی بھی ذمہ داری ہے۔

:- مولانا محمد علی جوہر اور ہمدرد

مولانا محمد علی جوہر صحافت اور سیاست دونوں میدانوں کے مجاہد تھے۔ ان کی شخصیت میں قلم کار، خطیب، شاعر اور سیاسی رہنما ایک ساتھ جمع تھے۔
ان کا اخبار ہمدرد قومی اور سیاسی بیداری کا اہم ترجمان تھا۔ ان کی تحریروں میں سیاسی شعور کے ساتھ ایک خاص قسم کا جوش اور ولولہ پایا جاتا تھا۔ وہ غلامی کو محض سیاسی مسئلہ نہیں سمجھتے تھے بلکہ اسے قومی عزت اور انسانی وقار کا مسئلہ سمجھتے تھے۔
محمد علی جوہر کی زندگی اس بات کی شہادت ہے کہ آزادی کے لیے صرف تقریر کافی نہیں؛ اس کے لیے قربانی بھی ضروری ہے۔ ان کی پوری زندگی صحافت، سیاست اور قومی جدوجہد کے درمیان گزری۔

:- مولانا ظفر علی خان اور زمیندار

پنجاب کی سرزمین پر اردو صحافت کے سب سے طاقتور ناموں میں مولانا ظفر علی خان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کا اخبار زمیندار سیاسی بیداری کا ایک مؤثر ذریعہ تھا۔
مولانا ظفر علی خان کے ہاں صحافت اور شاعری ایک دوسرے کی مددگار تھیں۔ وہ خبر کو شعر کی قوت دیتے اور شعر کو صحافت کی تاثیر عطا کرتے تھے۔ ان کی تحریروں میں انگریزی اقتدار کے خلاف شدید احتجاج اور قومی آزادی کا ولولہ نمایاں تھا۔

ان کے لیے صحافت روزگار نہیں، مشن تھی۔ اسی لیے ان کا قلم بارہا حکومت کے عتاب کا شکار ہوا، لیکن وہ خاموش نہ ہوئے۔

:- اردو شاعری اور آزادی کا جذبہ

اردو شاعری نے تحریکِ آزادی میں وہ کردار ادا کیا جو شاید کسی دوسری ادبی صنف سے ممکن نہ تھا۔ شعر یاد رہتا ہے، زبان پر چڑھ جاتا ہے اور دل میں اتر جاتا ہے۔ ایک اچھا شعر ہزاروں لوگوں کے جذبات کا ترجمان بن سکتا ہے۔
ہندوستان میں قومی بیداری کے زمانے میں اردو شاعری نے وطن، آزادی، اتحاد، قربانی اور حریت کو اپنے موضوعات میں شامل کیا۔
حالی نے اپنی شاعری کے ذریعے قوم کی اصلاح اور بیداری کی کوشش کی۔ ان کے یہاں قومی زندگی کے مسائل، تعلیم، اخلاق اور اجتماعی زوال کا احساس موجود ہے۔
اکبر الٰہ آبادی نے غلامانہ ذہنیت اور مغربی تہذیب کی اندھی نقالی کو طنز کا نشانہ بنایا۔ ان کا طنز محض تفریح نہیں بلکہ ذہنی غلامی کے خلاف احتجاج تھا۔
علامہ اقبال کی ابتدائی شاعری میں ہندوستانی قومیت اور وطن سے محبت کے جذبات نہایت نمایاں ہیں:

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی، یہ گلستاں ہمارا

یہ نظم آج بھی ہندوستان کے قومی حافظے کا حصہ ہے۔ اس میں وطن کو گلستان اور ہندوستانیوں کو اس کے بلبلوں سے تشبیہ دی گئی ہے۔ یہ محض شعری حسن نہیں بلکہ مشترکہ وطنیت کا ایک خوب صورت تصور ہے۔

:- حسرت موہانی: شعر اور انقلاب

حسرت موہانی اردو شاعری اور ہندوستانی سیاست دونوں کے ممتاز کردار تھے۔ ان کی زندگی آزادی کے جذبے کی عملی تفسیر تھی۔
انہوں نے مکمل آزادی کے تصور کو سیاسی سطح پر قوت کے ساتھ پیش کیا۔ ان کا مشہور نعرہ:




انقلاب زندہ باد
بعد کی ہندوستانی سیاسی تاریخ میں ایک مستقل نعرہ بن گیا۔
حسرت موہانی کی شخصیت میں شاعر اور سیاسی مجاہد ایک دوسرے سے جدا نہیں تھے۔ ان کے لیے شعر بھی جدوجہد تھا اور سیاست بھی۔

:- جوش ملیح آبادی: شاعرِ انقلاب

جوش ملیح آبادی نے اردو شاعری میں حریت اور انقلاب کی جو آگ پیدا کی، اس کی مثال کم ملتی ہے۔ ان کی آواز میں خطابت کی گھن گرج، شاعر کا تخیل اور مجاہد کا ولولہ موجود تھا۔
ان کی شاعری نے نوجوانوں کے دلوں میں حرکت پیدا کی۔ ان کے نزدیک زندگی سکون کا نام نہیں بلکہ مسلسل عمل کا نام تھی۔ اسی لیے ان کے اشعار میں انقلاب، آزادی، خودداری اور حریت کے مضامین بار بار سامنے آتے ہیں۔

:- چکبست اور قومی یکجہتی

پنڈت برج نارائن چکبست اردو کے ان ممتاز شاعروں میں ہیں جنہوں نے ہندوستانی تہذیب اور قومی یکجہتی کو اپنی شاعری میں نمایاں کیا۔
ان کی شاعری اس حقیقت کی روشن مثال ہے کہ اردو کسی ایک مذہب کی زبان نہیں۔ ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی اور مختلف تہذیبی پس منظر رکھنے والے لوگوں نے اردو کو اپنے احساسات کی زبان بنایا۔
تحریکِ آزادی کے لیے یہ مشترکہ ادبی روایت غیر معمولی اہمیت رکھتی تھی، کیونکہ آزادی کی جدوجہد کو کامیاب بنانے کے لیے ہندوستانیوں کا متحد ہونا ضروری تھا۔

:- ادب اور ہندو مسلم اتحاد

ہندوستان کی آزادی کی تحریک کا ایک بنیادی اصول قومی اتحاد تھا۔ اگر ہندوستانی عوام مذہب، ذات، زبان اور علاقے کے اختلافات میں بٹ جاتے تو آزادی کی تحریک کمزور ہو جاتی۔
اردو ادب نے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس نے ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی تصویر پیش کی اور یہ احساس پیدا کیا کہ وطن کی محبت مذہبی شناخت سے بالاتر ایک انسانی اور قومی جذبہ ہے۔
اردو ادب کے صفحات پر ہندوستان صرف جغرافیہ نہیں بلکہ ایک تہذیبی تجربہ بن کر سامنے آتا ہے۔ گنگا، جمنا، ہمالیہ، بنارس، دہلی، لکھنؤ، دکن، پنجاب اور بنگال بی یہ سب اردو کے تہذیبی شعور میں جگہ پاتے ہیں۔

:- پریم چند اور عوامی زندگی

اردو نثر میں پریم چند کا مقام بھی نہایت اہم ہے۔ انہوں نے ہندوستانی زندگی کے عام انسان کو ادب کا موضوع بنایا۔ کسان، مزدور، غریب، عورت، مظلوم اور استحصال کا شکار انسان ان کے افسانوں میں جگہ پاتا ہے۔
ان کے یہاں آزادی کا مفہوم صرف سیاسی اقتدار کی تبدیلی نہیں بلکہ معاشرتی انصاف بھی ہے۔ اگر ایک قوم انگریزوں سے آزاد ہو جائے مگر اس کے غریب، کسان اور کمزور لوگ ظلم و استحصال سے آزاد نہ ہوں تو آزادی کا مقصد مکمل نہیں ہوتا۔
یہی وجہ ہے کہ پریم چند کی حقیقت نگاری تحریکِ آزادی کے وسیع تر سماجی شعور سے مربوط نظر آتی ہے۔

:- نظم و نثر کا امتیاز

تحریکِ آزادی میں اردو نظم نے جذبات کو بیدار کیا اور نثر نے خیالات کو منظم کیا۔ نظم نے دل کو گرمایا، نثر نے ذہن کو سمجھایا۔ شاعر نے کہا کہ آزادی محبوب ہے، ادیب نے بتایا کہ آزادی کیوں ضروری ہے۔
یہی دونوں قوتیں جب یکجا ہوئیں تو ایک ایسی فکری فضا پیدا ہوئی جس میں سیاسی تحریک عوامی تحریک بن گئی۔

:- اردو اور خواتین کی بیداری

تحریکِ آزادی کے دور میں اردو رسائل اور اخبارات نے خواتین میں بھی سیاسی اور سماجی شعور پیدا کرنے میں حصہ لیا۔ خواتین کے لیے شائع ہونے والے رسائل نے تعلیم، اصلاح، سماجی مسائل اور قومی زندگی پر گفتگو کی۔
خواتین کی بیداری کے بغیر کوئی قومی تحریک مکمل نہیں ہو سکتی۔ اردو ادب نے خواتین کو محض گھر کی چار دیواری تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں قومی زندگی کا فعال حصہ بنانے کے لیے فکری ماحول پیدا کیا۔

:- اردو اور نوجوان نسل

ہر تحریک کا اصل سرمایہ نوجوان ہوتے ہیں۔ اردو شاعری نے نوجوانوں کے اندر خود اعتمادی، قربانی اور عمل کا جذبہ پیدا کیا۔
اقبال، جوش، حسرت اور دوسرے شعرا کی شاعری نوجوانوں کے لیے محض ادب نہیں بلکہ زندگی کا پیغام تھی۔ اس شاعری میں انہیں یہ سبق ملتا تھا کہ زندگی بزدلی کا نام نہیں، قومیں قربانی سے بنتی ہیں اور آزادی کی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے۔

:- تحریکِ خلافت اور اردو

بیسویں صدی کی دوسری دہائی میں تحریکِ خلافت نے ہندوستان کی سیاست کو ایک نیا رخ دیا۔ اس تحریک میں مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی اور دوسرے رہنماؤں نے اردو زبان و صحافت کے ذریعے وسیع پیمانے پر عوامی رابطہ قائم کیا۔
اردو اخبارات اور خطابات نے تحریکِ خلافت کو ہندوستان کے مختلف علاقوں تک پہنچایا۔ اس تحریک نے مہاتما گاندھی اور مسلم رہنماؤں کے درمیان سیاسی اشتراک کی ایک صورت بھی پیدا کی۔
یہ دور ہندو مسلم اتحاد کے اعتبار سے ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔ اردو نے اس اتحاد کے لیے فکری اور ابلاغی پل کا کام کیا۔

:- گاندھی اور اردو

مہاتما گاندھی نے ہندوستانی قومی تحریک میں عوامی زبان اور عوامی رابطے کو غیر معمولی اہمیت دی۔ اردو اور ہندی کے مشترکہ لسانی ماحول نے شمالی ہندوستان میں سیاسی پیغام کو عوام تک پہنچانے میں مدد دی۔
گاندھی کے سیاسی فلسفے میں عدم تشدد، ستیہ گرہ، قربانی اور عوامی شرکت بنیادی حیثیت رکھتے تھے۔ اردو ادب اور صحافت نے ان تحریکوں کے پیغام کو عام کرنے میں بھی حصہ لیا۔
یوں اردو نے صرف ایک طبقے کی تحریک کو نہیں بلکہ وسیع ہندوستانی قومی تحریک کو اپنی زبان اور اپنے ادب کے ذریعے آواز دی۔

:- مولانا آزاد: اردو زبان، سیاست اور قوم

مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت تحریکِ آزادی میں اردو کے کردار کی سب سے جامع مثال ہے۔ وہ شاعر بھی تھے، ادیب بھی، صحافی بھی، خطیب بھی اور سیاست دان بھی۔
ان کے یہاں اردو زبان ایک وسیلہ نہیں بلکہ ایک فکری دنیا ہے۔ وہ تاریخ سے استدلال کرتے ہیں، مذہب سے اخلاقی قوت لیتے ہیں، ادب سے حسنِ بیان حاصل کرتے ہیں اور سیاست سے عملی مقصد متعین کرتے ہیں۔
ان کی نثر میں ایک جگہ ایسی آتی ہے جہاں محسوس ہوتا ہے کہ مصنف قلم نہیں چلا رہا بلکہ پوری قوم کے دل پر دستک دے رہا ہے۔
یہی وجہ ہے کہ مولانا آزاد کی تحریروں کو پڑھتے ہوئے قاری محض معلومات حاصل نہیں کرتا، وہ ایک خاص قسم کی روحانی اور قومی کیفیت سے گزرتا ہے۔

:- آزادی کی تحریک اور ادیب کی ذمہ داری

تحریکِ آزادی نے اردو ادیب کے سامنے ایک بنیادی سوال رکھا: ادیب کا فرض کیا ہے؟

کیا وہ صرف حسن و عشق کی داستانیں لکھے؟
کیا وہ صرف ماضی کے قصے بیان کرے؟
کیا وہ اپنے زمانے کے ظلم و جبر سے آنکھیں بند کر لے؟

اردو کے بڑے ادیبوں نے اس سوال کا جواب اپنے عمل سے دیا۔ انہوں نے کہا کہ جب قوم غلام ہو تو ادب کو بھی اس غلامی کا احساس ہونا چاہیے۔ جب وطن میں ظلم ہو تو قلم کو خاموش نہیں رہنا چاہیے۔ جب قوم سو رہی ہو تو ادیب کا فرض ہے کہ اسے جگائے۔
یہی ادب کی سماجی ذمہ داری ہے۔

:- اردو ادب اور ذہنی آزادی

سیاسی آزادی سے پہلے ذہنی آزادی ضروری ہے۔ جو قوم ذہنی طور پر غلام ہو، وہ آزادی حاصل کر کے بھی غلامی کے اثرات سے باہر نہیں نکل سکتی۔
اردو ادب نے ذہنی غلامی کے خلاف بھی جنگ لڑی۔ اس نے ہندوستانیوں کو ان کی تاریخ یاد دلائی، ان کے ماضی کے کارنامے سامنے رکھے، خود اعتمادی پیدا کی اور انہیں یہ یقین دلایا کہ وہ اپنی تقدیر خود لکھ سکتے ہیں۔
اس اعتبار سے اردو ادب کا کردار محض سیاسی نہیں بلکہ نفسیاتی بھی تھا۔

:- قلم اور تلوار

تاریخ کے بڑے انقلابوں میں تلوار اور قلم دونوں کا حصہ ہوتا ہے۔ تلوار دشمن کے جسم پر اثر انداز ہوتی ہے، قلم دشمن کے اقتدار کے جواز کو چیلنج کرتا ہے۔
تلوار ایک جنگ جیت سکتی ہے، قلم نسلوں کو بدل سکتا ہے۔
تلوار کی فتح وقتی ہو سکتی ہے، قلم کی فتح دیر پا ہوتی ہے۔
ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں دونوں نے اپنا اپنا کردار ادا کیا۔ میدان میں جان دینے والوں کے ساتھ وہ لوگ بھی مجاہد تھے جنہوں نے سچ لکھنے کی پاداش میں قید کاٹی، اخبار بند کروایا، جرمانے سہے اور اپنی آزادی تک قربان کر دی۔

:- اردو ادب کا مجموعی تاریخی مقام

اگر تحریکِ آزادی کے مختلف مراحل کو ایک لڑی میں پرویا جائے تو اردو کا کردار ہر جگہ نمایاں دکھائی دیتا ہے:

۱۸۵۷ء میں اردو صحافت مزاحمت کی آواز بنی۔
بعد کے زمانے میں اردو ادب نے شکست خوردہ قوم کو فکری سمت دی۔
بیسویں صدی میں اردو اخبارات نے سیاسی شعور عام کیا۔
الہلال اور البلاغ نے مسلمانوں کو قومی تحریک سے جوڑا۔
ہمدرد اور زمیندار نے سیاسی بیداری کو فروغ دیا۔
حسرت نے انقلاب کا نعرہ بلند کیا۔
اقبال نے خودی، عمل اور وطنیت کا پیغام دیا۔
جوش نے حریت اور انقلاب کی آگ بھڑکائی۔
چکبست نے مشترکہ تہذیب اور قومی اتحاد کو شعری اظہار دیا۔
پریم چند نے عوامی زندگی اور سماجی انصاف کے مسائل کو ادب کا موضوع بنایا۔
اور مولانا آزاد نے اردو نثر کو قومی جدوجہد کی بلند ترین خطیبانہ آواز عطا کی۔
یہ سب مل کر اردو کے اس تاریخی کردار کی تصویر مکمل کرتے ہیں۔

تحریکِ آزادی کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہوئے اگر اردو زبان وادب کو نظر انداز کیا جائے تو یہ ایسا ہی ہے جیسے کسی عظیم عمارت کا ذکر کرتے ہوئے اس کی بنیاد کا ذکر نہ کیا جائے۔
آزادی کی جدوجہد میں کسی نے تلوار اٹھائی، کسی نے جیل کاٹی، کسی نے پھانسی کا پھندا چوما، کسی نے بھوک ہڑتال کی، کسی نے اپنا گھر بار چھوڑا؛ لیکن ایک طبقہ ایسا بھی تھا جس نے قلم کو اپنا ہتھیار بنایا۔

اس نے لوگوں کو بتایا کہ غلامی ذلت ہے۔
اس نے بتایا کہ آزادی نعمت ہے۔
اس نے بتایا کہ وطن صرف مٹی نہیں، ایک زندہ احساس ہے۔
اس نے بتایا کہ ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی اور دوسرے ہندوستانی مل کر ایک مشترکہ وطن کی تعمیر کر سکتے ہیں۔
اس نے مایوس دلوں میں امید پیدا کی اور خوف زدہ ذہنوں میں حوصلہ۔
یہی اردو ادب کی سب سے بڑی خدمت ہے۔

اردو کے صحافیوں نے قلم سے جہاد کیا، شاعروں نے اشعار سے دلوں میں آگ روشن کی، ادیبوں نے نثر کے ذریعے شعور بیدار کیا اور خطیبوں نے اپنے الفاظ سے قوم کو حرکت دی۔ اس لیے ہندوستان کی آزادی کی تاریخ صرف جیلوں، جلسوں، جلوسوں اور میدانوں کی تاریخ نہیں؛ یہ اخبار کے کالم، شاعر کے شعر، ادیب کے افسانے، خطیب کی تقریر اور قاری کے بیدار ہوتے ہوئے ضمیر کی تاریخ بھی ہے۔
اور یہی وہ مقام ہے جہاں اردو زبان و ادب ہندوستان کی آزادی کی تاریخ میں محض ایک زبان یا ادبی وسیلہ نہیں رہتا بلکہ قومی بیداری کا ترجمان، آزادی کا نقیب اور ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کا زندہ استعارہ بن جاتا ہے۔
آج جب ہم آزادی کا جشن مناتے ہیں تو ہمیں صرف ان لوگوں کو یاد نہیں کرنا چاہیے جنہوں نے بندوق اٹھائی تھی؛ ہمیں ان لوگوں کو بھی یاد کرنا چاہیے جنہوں نے قلم اٹھایا تھا۔ کیونکہ بندوق نے میدان میں جنگ لڑی تھی، مگر قلم نے انسان کے اندر جنگ لڑی تھی۔
اور تاریخ کا فیصلہ یہی ہے کہ جس قوم کے اندر آزادی کی جنگ زندہ ہو جائے، اسے غلام رکھنا کسی سلطنت کے لیے ہمیشہ ممکن نہیں رہتا۔
اردو نے ہندوستان کے دل میں یہی جنگ زندہ رکھی۔
اسی لیے ہندوستان کی آزادی کی داستان میں اردو کا ذکر ایک حاشیہ نہیں، ایک مستقل باب ہے؛ ایسا باب جس کے بغیر تاریخ کا متن مکمل نہیں ہوتا۔

# ’دیکھیے مودی جی، آپ کی این ٹی اے نے کیا کر دیا‘، یو جی سی-نیٹ امتحانات منسوخ ہونے پر راہل گاندھی ناراض

نئی دہلی، 17 اگست: این ٹی اے کے ذریعہ یو جی سی-نیٹ کے کچھ امتحانات منسوخ کیے جانے کی خبر نے ایک بار پھر مودی حکومت کے لیے مشکلیں پیدا کر دی ہیں۔ پیپر لیک اور امتحانات میں بے ضابطگیوں کو لے کر پہلے ہی اپوزیشن پارٹیاں مودی حکومت کی ناک میں دَم کیے ہوئی ہیں، اب تازہ معاملہ نے اپوزیشن کو مزید موقع فراہم کر دیا ہے۔ لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے تو اس معاملہ میں سخت ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے براہ راست وزیر اعظم مودی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انھوں نے این ٹی اے کے ذریعہ انگریزی، کامرس اور سماجیات کے امتحانات منسوخ کیے جانے سے متعلق اعلان پر مبنی ’ایکس‘ پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ’’دیکھیے مودی جی، آپ کی این ٹی اے نے کیا کر دیا ہے۔‘‘



راہل گاندھی نے ’ایکس‘ پر جاری پوسٹ میں لکھا ہے کہ ’’سماجیات، انگریزی اور کامرس کے لیے یو جی سی-نیٹ کے امتحانات 22 سے 30 جون کے درمیان منعقد کیے گئے تھے۔ تقریباً 2 ماہ بعد این ٹی اے نے ان تینوں امتحانات کو منسوخ کر دیا، کیونکہ اس نے غلط سوالنامے تیار کیے اور پرانے سوالات دہرائے۔‘‘ وہ مزید لکھتے ہیں کہ ’’ہزاروں امیدواروں نے برسوں تیاری کی، فارم بھرے، فیس ادا کی، دور دراز کے مراکز تک سفر کیا، اب انہیں ستمبر میں یہ سب کچھ دوبارہ کرنا ہوگا۔ غلطی این ٹی اے کرتا ہے، لیکن سزا طالب علم بھگتتا ہے۔‘‘

اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں راہل گاندھی نے ’چھاتروں کی گونج‘ مہم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ’’میں نے یہ بات (امتحانات میں بے ضابطگی) کوٹا، دہرادون اور پریاگ راج میں کہی ہے، اور میں اسے کہتا رہوں گا کہ یہ اب تعلیمی نظام نہیں رہا۔ یہ وسائل نچوڑنے والی ایک مشین ہے۔ یہ آپ کے پیسے، آپ کے سال، آپ کی ذہنی صحت اور آپ کا اعتماد لے لیتی ہے اور بدلے میں کچھ نہیں دیتی۔ نوکری تک نہیں۔‘‘ وہ تازہ معاملہ پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ’’این ٹی اے اب بھی اصل سوال کا جواب نہیں دے رہا.. کیا امتحان سے پہلے یہ سوالنامے لیک ہو گئے تھے؟‘‘

مودی حکومت پر براہ راست حملہ کرتے ہوئے کانگریس رکن پارلیمنٹ نے کہا کہ ’’مودی حکومت کے ہر دوسرے ادارے کی طرح این ٹی اے بھی کبھی یہ نہیں کہتا کہ غلطی اس کی ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ دوسرے تمام کمپرومائزڈ پیپر کی طرح، اس معاملے میں بھی کسی کی جواب دہی نہیں ہوگی۔‘‘ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ’’دھرمیندر پردھان کا استعفیٰ پہلا قدم تھا، آخری نہیں۔ این ٹی اے کی قیادت کو بھی جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے۔‘‘ اس پوسٹ میں راہل گاندھی نے ستمبر ماہ میں دوبارہ یہ امتحان دینے والے سبھی طالب علم سے بھی خطاب کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ’’مسئلہ آپ نہیں ہیں۔ وزیر اعظم مودی نے ایسا نظام بنایا ہے جو ایک امتحان بھی منعقد نہیں کر سکتا اور پھر اس میں بیٹھنے والے طلبا کو مورد الزام ٹھہراتا ہے۔‘‘ وہ مزید کہتے ہیں کہ ’’آپ کے سال چوری کیے جا رہے ہیں اور ہم اس وقت تک نہیں رکیں گے جب تک وزیر اعظم مودی اس کے لیے جواب نہیں دیتے۔‘‘

## رام مندر چندہ تنازعہ: سپریم کورٹ نے ایس آئی ٹی کی اسٹیٹس رپورٹ عام کرنے سے کیا انکار



نئی دہلی 17 اگست: ایودھیا کے شری رام مندر میں عقیدت مندوں کی جانب سے دیے گئے چڑھاوے اور چندے کی مبینہ چوری کی آزادانہ تحقیقات کی درخواستوں پر سپریم کورٹ نے پیر کو سماعت کی۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوئے مالیا باگچی اور جسٹس وی موہنا کی بنچ نے خصوصی تحقیقاتی ٹیم (ایس آئی ٹی) کی اسٹیٹس رپورٹ کو عوامی کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ایس آئی ٹی سپریم کورٹ کے سامنے جواب دہ ہے اور تحقیقات شفاف و غیر جانب دار ہونی چاہئیں۔ سپریم کورٹ میں دائر درخواستوں میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ معاملے کی مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) سے آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ اس کے علاوہ شری رام جنم بھومی تیرتھ کشیتر ٹرسٹ کے مالی لین دین کا کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل (کیگ) یا فارنسک آڈٹ کرانے، ٹرسٹ کے تمام مالی ریکارڈ محفوظ رکھنے اور تحقیقات مکمل ہونے تک بڑے مالی فیصلوں پر روک لگانے کی بھی درخواست کی گئی ہے۔ اتر پردیش حکومت کی جانب سے پیش ہوئے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے عدالت کو بتایا کہ ایس آئی ٹی کی رپورٹ تیار ہے اور اب تک کی تحقیقات سے متعلق اسٹیٹس رپورٹ عدالت میں جمع کرائی جا چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایس آئی ٹی کے چیئرمین بھی عدالت میں موجود ہیں۔ اس پر درخواست گزاروں کی جانب سے ایس آئی ٹی کی اسٹیٹس رپورٹ کی کاپی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ درخواست گزاروں کے وکیل نے کہا کہ انہیں اس معاملے میں درج ایف آئی آر کا مواد تک فراہم نہیں کیا گیا ہے۔ ایک اور درخواست گزار سدھا کر سنگھ کے وکیل ستیہ سنگھ راجپوت نے مطالبہ کیا کہ اب تک حاصل ہونے والے تمام عطیات کی تفصیلات عوامی طور پر شائع کی جائیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ ایک آزاد چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے کچھ رپورٹیں بھی تیار کرائی گئی ہیں، جنہیں عدالت کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ ایک درخواست گزار نے رام مندر ٹرسٹ کے موجودہ ڈھانچے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اس صورت حال میں ایس آئی ٹی کی تحقیقات غیر جانب دار نہیں رہ سکتیں۔ اس پر چیف جسٹس سوریہ کانت نے واضح کیا کہ ایس آئی ٹی پر ٹرسٹ کا کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے کہا کہ تحقیقات کے حوالے سے عدالت کی تمام ہدایات پر عمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوجداری مقدمات کی تحقیقات کی تفصیلات عام طور پر استغاثہ اور مدعا علیہ کے درمیان شیئر کی جاتی ہیں اور کسی بیرونی فریق کو فراہم نہیں کی جاتیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ رام مندر چندہ چوری معاملے میں ایس آئی ٹی کی تشکیل خود سپریم کورٹ نے کی ہے، اس لیے وہ سپریم کورٹ کے تئیں جواب دہ ہے۔ عدالت نے تمام فریقوں کو ہدایت دی کہ وہ ایس آئی ٹی کی تحقیقات کے حوالے سے اپنی تجاویز تشار مہتا کو دے سکتے ہیں اور حکومت ان پر سنجیدگی سے غور کرے۔

## جموں و کشمیر سے تمل ناڈو تک بارش بنی مصیبت، آسام و اڈیشہ میں سیلاب سے تباہی

جموں، 17 اگست: ہندوستان کے کئی حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے اور اس کے باعث کہیں سیلاب جیسے حالات پیدا ہو گئے ہیں تو کہیں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ جموں و کشمیر کے ڈوڈہ میں شدید بارش کے بعد دریاؤں اور ندی نالوں کی سطح آب تیزی سے بڑھی ہے۔ اڈیشہ کے میوربھنج میں بھی مسلسل بارش اور دریاؤں کی بڑھتی ہوئی سطح آب نے نشیبی علاقوں کے لیے خطرہ بڑھا دیا ہے۔ سکم میں حالیہ لینڈ سلائیڈنگ کے بعد متاثرہ خاندانوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ جنوب میں تمل ناڈو کے کئی اضلاع میں شدید بارش، آندھی اور تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ راجدھانی دہلی میں بھی اگلے 6 دنوں تک موسم میں تبدیلی کا امکان ہے۔ جموں و کشمیر کے ڈوڈہ ضلع کے بھلیسا گندوہ علاقہ میں تازہ بارش کے بعد سیلاب جیسے حالات پیدا ہو گئے ہیں۔ بارش کے باعث بازاروں، سڑکوں، ندی نالوں اور دریاؤں میں پانی کی سطح تیزی سے بڑھ گئی ہے۔ چناب ندی بھی بلند سطح آب کے ساتھ بہہ رہا ہے۔ ایسے حالات میں نشیبی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی مشکلات بڑھ سکتی ہیں۔ تیز بہاؤ والے پانی میں گاڑی چلانا یا ندی نالوں اور دریاؤں کے قریب جانا خطرناک ہو سکتا ہے۔ مسلسل بارش کے دوران پانی کی سطح پر نظر رکھنا ضروری ہو گیا ہے۔ دوسری طرف اڈیشہ کے میوربھنج ضلع میں مسلسل شدید بارش اور دریاؤں کی بڑھتی ہوئی سطح آب کے باعث سیلاب کا خطرہ سنگین بنا ہوا ہے۔ نشیبی علاقوں میں پانی بڑھنے سے لوگوں کی پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ اسی دوران خلیج بنگال کے اوپر بننے والے نئے کم دباؤ والے علاقہ کے باعث آنے والے دنوں میں بارش مزید تیز ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ اس کا اثر پہلے ہی بارش کا سامنا کر رہے علاقوں پر پڑ سکتا ہے۔ ایسے میں میوربھنج کے حساس اور نشیبی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کے لیے محتاط رہنا ضروری ہو گیا ہے۔ اڈیشہ کے کیندرپاڑہ ضلع میں قومی شاہراہ-53 کا تقریباً 100 میٹر حصہ اتوار کو دھنس گیا۔ یہ حصہ پارادیپ بندرگاہ کو جاجپور کے معدنیات سے مالا مال علاقوں سے جوڑتا ہے۔ حکام نے بتایا کہ مسلسل بارش کے باعث یہ واقعہ پیش آیا۔ یہ واقعہ مارشگھائی پولیس تھانے کے علاقے میں نیلاچل بازار کے قریب پیش آیا۔ اس سے مقامی لوگوں میں تشویش پھیل گئی۔ زیر تعمیر حصے پر کھڑے 3 ٹرک دھنسنے کے بعد ایک گڑھے میں جا گرے۔ پولیس نے بتایا کہ ٹرکوں میں ڈرائیور یا ہیلپر موجود نہیں تھے، اس لیے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ این ایچ اے آئی کے بھونیشور علاقائی دفتر کے ایک سینئر افسر نے سڑک دھنسنے کی وجہ طویل عرصے تک پانی جمع رہنے کو بتایا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرک وہاں پارک کرنے کے لیے مجاز نہیں تھے۔ یہ متاثرہ حصہ این ایچ-53 کی تعمیر نو اور توسیع کے منصوبے کا حصہ ہے۔

## ایئر انڈیا کے 2 مزید پائلٹ ڈرگ ٹیسٹ میں فیل، فلائٹ روسٹر سے ہٹایا گیا

17 اگست: ایئر انڈیا کے لیے بحران کا دور ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ گزشتہ دنوں ایئر انڈیا کے ایک جہاز کے ٹربولنس میں جانے کے بعد پائلٹوں کی جانچ تیز ہو گئی ہے، اس ضمن میں ٹیسٹنگ کے دوران 2 اور پائلٹ ڈرگ ٹیسٹ میں فیل ہو گئے ہیں۔ حالانکہ ان دونوں پائلٹوں کے فائنل ٹیسٹ ریزلٹ کا انتظار ہے۔ لیکن فائنل رپورٹ آنے تک ان دونوں پائلٹوں کی ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے اور فلائٹ روسٹر سے نام ہٹا دیا گیا ہے۔ ڈرگ ٹیسٹ کے دوران ایئر انڈیا کے 2 اور پائلٹ شروعات جانچ میں ڈرگ ٹیسٹ میں پازیٹیو پائے گئے ہیں۔ ان دونوں پائلٹوں کی فائنل ٹیسٹ رپورٹ ابھی آنی ہے۔ واضح رہے کہ اب تک ایئر انڈیا کے 300 سے زیادہ پائلٹوں کا ڈرگ ٹیسٹ کرایا جا چکا ہے۔ فی الحال فائنل ٹیسٹ رپورٹ آنے میں تقریباً 48 گھنٹے یا اس سے زیادہ کا وقت لگ سکتا ہے۔ فائنل رپورٹ آنے کے بعد ہی واضح ہو سکے گا کہ دونوں پائلٹوں کے خلاف کیا کارروائی کی جائے۔ اس سے قبل فوکیٹ سے دہلی آ رہے ایئر انڈیا کے ایک جہاز کے ٹربولنس میں جانے کے حادثے کے بعد ایئر انڈیا نے ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس کے اپنے سبھی پائلٹوں کے ڈرگ استعمال سے متعلق ٹیسٹ کرانے کی بات کہی تھی۔ ذرائع کے مطابق ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس اپنے سبھی پائلٹوں کی ’سائکوا ایکٹیو مادے‘ کے لیے ضروری جانچ شروع کرے گی۔ یہ قدم اصول وضوابط کے تقاضوں سے ہٹ کر تحقیقات کے لیے اٹھایا جا رہا ہے، کیوں کہ فوکیٹ-دہلی پرواز کے ایک مین کیپٹن ’ماریجوانا‘ یعنی



گانجہ جانچ رپورٹ پازیٹیو آئی تھی۔ پرواز کے دوران جہاز کی بلندی کم ہو گئی تھی۔ یہ جہاز پرواز کے دوران اچانک 300 فٹ نیچے آ گیا تھا۔ ٹاٹا گروپ کی ان دونوں ایئر لائنس میں کل ملا کر 5000 سے زیادہ پائلٹس ہیں۔ ایئر لائنس کمپنی نے گزشتہ ہفتے پائلٹوں کو بھیجے ایک انٹرنل پیغام میں کہا کہ مکمل جانچ میں موجودہ ’ایوی ایشن ضوابط‘ کے تحت ممنوعہ اشیاء اور ادویات کی جانچ شامل ہوگی۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ جانچ لازمی ہے۔ یہ ٹیسٹ گروگرام اکادمی میں ٹریننگ سیشن کے ساتھ ساتھ، پرواز کے بعد بریفنگ مراکز، یا ایئر لائنز کے دفاتر یا متعلقہ بیس کی طرف سے فراہم کردہ جگہوں پر کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ مسافروں، اسٹیک ہولڈرز اور عام لوگوں کو بھروسہ دلانے کے ساتھ ساتھ سیکورٹی کے اعلیٰ سطحی معیار کو یقینی بنانے کے لیے احتیاطی اقدام کے طور پر اٹھایا جا رہا ہے۔ اس سے قبل 4 اگست کو فوکیٹ-دہلی فلائٹ نمبر ’اے آئی 2379‘ ٹربولنس کی وجہ سے ایئر بس اے 320 جہاز اچانک 300 فٹ نیچے آ گیا تھا۔ اس وجہ سے کم از کم 24 افراد زخمی ہو گئے تھے۔ جہاز میں 137 مسافر اور عملے کے 8 ارکان سمیت کل 145 افراد سوار تھے۔ جہاز کے مین پائلٹ کی جانچ میں گانجے کے استعمال کی تصدیق ہوئی ہے۔

## یو جی سی-نیٹ: ’این ٹی اے کی غلطی کی سزا طلبا کیوں بھگتیں؟‘ 3 مضامین کے امتحانات منسوخ ہونے پر کانگریس کا سوال

نئی دہلی، 17 اگست: ’نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی‘ (این ٹی اے) نے یو جی سی-نیٹ کے 3 موضوعات کا امتحان منسوخ کرنے اور دوبارہ یہ امتحان ستمبر ماہ میں لینے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس تعلق سے کانگریس نے اپنا سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے سوال کیا ہے کہ آخر این ٹی اے کی غلطی کی سزا طلبا کیوں بھگتیں؟ کانگریس جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے اس بارے میں ایک تفصیلی پوسٹ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر جاری کی ہے۔ اس میں انھوں نے لکھا ہے کہ ’’یو جی سی-نیٹ جون 2026 کے امتحان کے تقریباً 2 ماہ بعد این ٹی اے نے خود اعتراف کیا کہ انگریزی، کامرس اور سماجیات کے سوالناموں میں حقائق پر مبنی، ٹائپنگ کی اور ترجمے کی خامیاں تھیں۔ اہم دانشوروں کے نام غلط لکھے گئے، کتابوں کے نام بگاڑ دیے گئے، سوالوں کی زبان میں خامیاں تھیں، قواعد اور جنڈر نمبر ایگریمنٹ کی غلطیاں تھیں، رموز و اوقاف کی غلطیاں تھیں اور قائم کردہ تصورات کے لیے غیر معیاری اصطلاحات استعمال کیے گئے۔‘‘ جے رام رمیش اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ’’این ٹی اے کی کمیٹی نے پایا کہ بڑی تعداد میں ایسے سوال بھی دہرائے گئے جو پہلے کے امتحانات میں پوچھے جا چکے تھے۔ اب ان 3 موضوعات (انگریزی، کامرس اور سماجیات) کے امتحان 9 اور 10 ستمبر کو دوبارہ ہوں گے۔‘‘ ان حقائق کو سامنے رکھنے کے بعد کانگریس لیڈر نے کچھ اہم سوال قائم کیے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ’’ہمارا سوال ہے کہ این ٹی اے کی غلطی کی سزا ملک کے طلبا کیوں بھگتیں؟ کیا اتنی سنگین غلطیوں کا پتہ چلنے میں تقریباً 2 ماہ لگتے ہیں؟ اس تاخیر کے سبب جو طلبا مختلف یونیورسٹیوں میں اس سال کے تعلیمی سیشن میں داخلہ سے محروم ہو جائیں گے، ان کے نقصان کا ازالہ کیسے ہوگا اور کون کرے گا؟‘‘

جے رام رمیش اتنے پر ہی خاموش نہیں ہوتے، بلکہ مزید کچھ سوالات سامنے رکھتے ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں کہ ’’سوال صرف یہ نہیں ہے کہ امتحان دوبارہ کیوں ہو رہے ہیں، سوال یہ ہے کہ اتنی سنگین خامیوں والا سوالنامہ تیار اور منظور کیسے ہوا؟ لاکھوں نوجوانوں کے کیریئر سے جڑے قومی سطح کے امتحان میں ایسی لاپروائی کی ذمہ داری کس کی ہے؟ نظامِ امتحان میں غلطی کی قیمت امیدوار کیوں ادا کریں؟‘‘ وہ آگے لکھتے ہیں کہ ’’یہ سوال صرف ان 3 موضوعات کے ہزاروں طلبا کے ہی نہیں ہیں، حکومت کو بتانا چاہیے کہ 84 دیگر موضوعات میں امتحان دے چکے کئی ہزار امتحان دہندگان کے نتائج میں تاخیر کیوں ہوئی؟‘‘ کانگریس جنرل سکریٹری نے مرکز کی مودی حکومت اور نظامِ امتحان کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ جن نوجوانوں نے جون میں امتحان دیا، ان کے لیے ہر دن اہم ہے۔ یو جی سی-نیٹ کے ریزلٹ سے جے آر ایف، اسسٹنٹ پروفیسر اہلیت اور پی ایچ ڈی داخلہ جیسے مواقع جڑے ہیں۔ اس لیے جو غلطی ہوئی ہے، اسے فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ وہ کہتے ہیں کہ ’’لال قلعہ کی فصیل سے ملک کے نوجوانوں کو کوسنے والے وزیر اعظم کیا اپنی ذمہ داری پر کچھ بولیں گے؟ ملک کا نوجوان جواب چاہتا ہے۔‘‘

# بین الاقوامی خبریں

## سیوٹا میں جبراً داخل ہونے والے مراکش کے شہری اب اسپین کی شہریت طلب کر رہے ہیں!

17 اگست: اسپین کے شمال افریقی علاقہ سیوٹا میں حال ہی میں داخل ہونے والے مراکش کے سینکڑوں تارکین وطن نے شہر کے ایک مقبول ساحل پر مظاہرہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں مراکش واپس بھیجنے کی جگہ اسپین میں ہی پناہ دی جائے۔ 16 اگست کو مظاہرہ کرنے والے یہ لوگ ان 5,000 سے 8,000 تارکین وطن میں شامل ہیں جو 2 ہفتہ قبل سرحد پار کر کے سیوٹا پہنچے تھے اور اب بھی سیوٹا میں ہی رکے ہوئے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ 2 ہفتہ قبل اس وقت ہنگامی حالت دیکھنے کو ملی تھی جب تقریباً 80,000 کی آبادی والے اس چھوٹے سے علاقہ سیوٹا میں 72,000 سے زیادہ لوگ اپنا ملک چھوڑ کر پہنچ گئے تھے۔ حالانکہ چند ہی روز بعد بیشتر تارکین وطن اپنی مرضی سے واپس مراکش لوٹ گئے۔ بتایا جا رہا ہے کہ اب بھی کئی تارکین وطن سیوٹا میں موجود ہیں۔ شہر کے وسائل پر دباؤ بڑھنے کے باعث بیشتر تارکین وطن ایل تراموپولین ساحل یا شہر کے مضافاتی علاقوں میں خراب حالات میں رہ رہے ہیں۔ وہ براعظم یورپ کی جانب آگے بڑھنے کا موقع ملنے کا انتظار کر رہے ہیں۔

ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق مراکش کے ٹیطوان باشندہ ایوب الارود نے کہا کہ ’’ہم سمندر کے قریب سو رہے ہیں۔ سردی ہے اور بدبو ہے۔ ہم بہت پریشان ہیں۔‘‘ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پولیس تارکین وطن کو شہر کے وسطی حصہ میں جانے سے روک رہی ہے۔ ٹیطوان بھی ساحل پر مظاہرہ کرنے والوں میں شامل تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ مظاہرین کے ہاتھوں میں اسپین کے پرچم تھے۔ کچھ نے ہاتھوں میں بینر پکڑ رکھا تھا، جس پر لکھا تھا کہ وہ مراکش واپس نہیں جانا چاہتے اور وہ بھی انسان ہیں۔ وہ نعرے لگا رہے تھے کہ وہ تھک چکے ہیں اور انہیں کوئی حل چاہیے۔ ان کے پیچھے پتھریلے ساحل پر کچھ تارکین وطن کپڑے دھو رہے تھے، جبکہ کچھ لوگ بانس کی بنی عارضی چھڑی سے مچھلی پکڑ رہے تھے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل وزیر داخلہ فرنانڈو گرانڈے-مارلاسکا نے کہا تھا کہ جو تارکین وطن غیر قانونی طریقے سے داخل ہوئے ہیں، انہیں اس علاقے میں رہنے، اسپین کی سرزمین کے مرکزی حصہ میں جانے یا قانونی حیثیت حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ صرف انتہائی غیر محفوظ حالات والے نادر معاملات میں ہی استثنیٰ ہو سکتا ہے۔ فی الحال سیوٹا میں پھنسے تارکین وطن واپسی کے بجائے پناہ کا مطالبہ کر رہے ہیں، جبکہ اسپین کی حکومت کا سخت موقف برقرار ہے۔

## کانگو میں ایبولا کا خطرناک ترین پھیلاؤ، 2300 سے زیادہ افراد ہلاک



کنشاسا 17 اگست: ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو (ڈی آر سی) میں ایبولا کا موجودہ پھیلاؤ ملک کی تاریخ کا سب سے مہلک وبائی بحران بن گیا ہے۔ صحت حکام کے مطابق اس وبا سے مرنے والوں کی تعداد 2,300 سے تجاوز کر گئی ہے، جس کے بعد اس نے 2018 سے 2020 کے دوران آنے والے ایبولا کے بڑے بحران کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ اس دوران 2,299 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) اور کانگو کے صحت حکام کے مطابق موجودہ پھیلاؤ تیزی سے بڑھ رہا ہے اور ملک کے کئی صوبے اس کی زد میں آ چکے ہیں۔ سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں ایتوری صوبہ بھی شامل ہے، جہاں پہلے ہی صحت کے نظام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ایبولا ایک انتہائی خطرناک اور متعدی وائرل بیماری ہے۔ یہ بنیادی طور پر متاثرہ شخص کے خون اور جسمانی رطوبتوں کے براہ راست رابطے سے پھیل سکتی ہے۔ موجودہ وبا کی تشویش ناک بات یہ ہے کہ بڑی تعداد میں نئے مریضوں کا پہلے سے نگرانی میں موجود متاثرہ افراد سے کوئی واضح رابطہ سامنے نہیں آ رہا۔ اس صورت حال نے صحت کارکنوں کے لیے وائرس کے پھیلاؤ کی کڑی کا سراغ لگانا مشکل بنا دیا ہے۔

کانگو میں جاری مسلح تنازع، بڑے پیمانے پر نقل مکانی، کمزور طبی ڈھانچہ اور متاثرہ علاقوں میں صحت خدمات تک محدود رسائی نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ لوگوں کی مسلسل نقل مکانی کے باعث وائرس کے نئے علاقوں تک پہنچنے کا خطرہ بھی بڑھ گیا ہے۔ موجودہ پھیلاؤ میں بنڈی بگیو اسٹرین کا وائرس سامنے آیا ہے۔ اس اسٹرین کے خلاف فی الحال بڑے پیمانے پر دستیاب اور منظور شدہ مخصوص علاج یا ویکسین کی کمی صحت حکام کے لیے ایک اہم چیلنج ہے۔ سائنس دان اور صحت کے عالمی ادارے ممکنہ ویکسین اور علاج کے طریقوں پر کام کر رہے ہیں۔

ڈبلیو ایچ او اور مقامی حکام متاثرہ افراد کی جلد شناخت، انہیں فوری طور پر الگ رکھنے اور ان کے رابطے میں آنے والے لوگوں کی نگرانی بڑھانے پر زور دے رہے ہیں۔ تاہم بیماری کی دیر سے تشخیص اور علاج تک رسائی میں مشکلات کے باعث اموات کی شرح بلند رہنے کا خدشہ ہے۔

کانگو اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ ایبولا کی وباؤں کا سامنا کر چکا ہے۔ 2018 سے 2020 کے درمیان آنے والی وبا ملک کی تاریخ کے سنگین ترین صحت بحرانوں میں شمار ہوتی تھی۔ موجودہ بحران کا اس سے بھی آگے نکل جانا افریقہ میں متعدی بیماریوں سے نمٹنے کی تیاری اور صحت کے نظام کی صلاحیت پر نئے سوال اٹھا رہا ہے۔

## ٹرمپ نے اپنے داماد کو حماس کے ساتھ معاہدہ کرنے کے لیے بھیجا

17 اگست: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے داماد اور امریکی مذاکرات کار جیرڈ کشنر نے اتوار کو مصر میں حماس کے سربراہ خلیل الحیا سے ملاقات کی۔ ملاقات دو گھنٹے سے زائد جاری رہی۔ مصر، قطر اور ترکی کے حکام نے بھی شرکت کی۔ کشنر کی ملاقات ٹرمپ کے 15 نکاتی غزہ روڈ میپ کو آگے بڑھانے کی ٹرمپ کی کوششوں کا حصہ ہے۔ اس منصوبے میں حماس سے اپنے ہتھیاروں کو حوالے کرنے، غزہ سے اسرائیلی افواج کے انخلاء اور علاقے کی تعمیر نو کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ حماس نے اس منصوبے پر اپنی وابستگی کا اظہار کیا ہے تاہم اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے اسے مسترد کر دیا ہے۔



انہوں نے کہا کہ حماس مکمل طور پر غیر مسلح ہونے تک اسرائیلی فوج غزہ سے نہیں نکلے گی۔ اجلاس میں حماس نے کہا کہ اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے اسرائیل کو غزہ میں حملے روکنا ہوں گے۔ اس کی افواج کو نام نہاد "یلو لائن" کی طرف پیچھے ہٹنا پڑے گا۔ حماس کا کہنا ہے کہ اس کے بعد 14 روزہ مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں، جس میں پلان پر عمل درآمد کے لیے ٹائم لائن طے کی جائے گی۔ دوسری جانب اسرائیل حماس کی مکمل تخفیف اسلحہ کو اپنی اہم شرط قرار دیتا ہے۔ کشنر کی اگلی اہم ملاقات اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو سے طے ہے۔ ان کے ساتھ سابق برطانوی وزیر اعظم ٹونی بلیئر اور ٹرمپ کے بورڈ آف پیس کے ڈائریکٹر نکولے ملاڈینوف بھی ہوں گے۔ دریں اثناء سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، اردن، پاکستان، انڈونیشیا، مصر، قطر اور ترکی سمیت متعدد ممالک نے اسرائیل سے روڈ میپ کی منظوری کی اپیل کی ہے۔ اس پوری مشق کے درمیان غزہ کے تقریباً 60 فیصد حصے پر اسرائیلی فوجی کنٹرول اور حماس کے ہتھیار ڈالنے کے حوالے سے تعطل برقرار ہے۔ نتیجتاً، کشنر کی حماس کے ساتھ براہ راست ملاقات کو ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے دونوں طرف دباؤ بڑھانے کی ایک اہم کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Tuesday, 18th August 2026
روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
منگل، ۱۸/اگست ۲۰۲۶

# SPORTS کھیل کی دنیا

## بنگلہ دیش اگر آسٹریلیا کے خلاف سیریز جیت لیتی ہے تو......
## ورلڈ ٹسٹ رینکنگ میں اس کی پوزیشن اور بھی مضبوط ہو گی




ڈاروین (آسٹریلیا)، 17 / اگست: بنگلہ دیش نے آسٹریلیا کے خلاف پہلے ٹسٹ میں جو 9 وکٹوں سے شاندار کامیابی ملی تو یہ بنگلہ دیش کی پہلی عظیم الشان کامیابی ہے کیونکہ آسٹریلیا کو اسی کے گھر میں شکست ہوئی ہے اور اس 9 وکٹوں سے ملی شکست پر آسٹریلیا کے اسٹار کھلاڑی کیمرون گرین، اسٹیو وین اسمتھ، مارنس لیبوشین، پیٹ کمینز، جوس ہیزلووڈ، مچل اسٹارک، ناتھن لیون جیسے اسٹار کھلاڑیوں پر مشتمل آسٹریلوی ٹیم کی اس شکست کو دنیا حیرت سے دیکھ رہی ہے لیکن بنگلہ نے ابھی حال میں پاکستان کو دو ٹسٹوں کی سیریز میں 2-صفر سے پچھاڑا تھا اس وجہ سے بنگلہ دیش ٹیم کی مضبوطی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ بنگلہ دیش کی عالمی رینکنگ اس وقت تیسری ہے۔ اگر بنگلہ دیش کو آسٹریلیا کے مقابلے میں سیریز میں کامیابی مل جاتی ہے تو وہ تیسری پوزیشن حاصل کر لے گا۔ جنوبی افریقہ اول تو نیوزی لینڈ ڈبل اور سری لنکا کو تیسری پوزیشن سے ہٹا کر اس کی پوزیشن پر قابض ہو جائے گا۔ انڈیا کو اس وقت سری لنکا سے ٹسٹ سیریز کھیلنا ہے اور سری لنکا کے خلاف سیریز میں جیت حاصل کرنے پر انڈیا کی پوزیشن بدستور پانچویں پر ہو گی البتہ اس نے اگر سری لنکا کے خلاف سیریز جیت لی تو پھر ممکن ہے اس کی پوزیشن تیسرے نمبر پر آجائے کیونکہ آسٹریلیا کے خلاف سیریز جیتنے پر بنگلہ دیش کی پوزیشن اور بھی مضبوط بن جائے گی۔

## سابق ٹیسٹ کرکٹر باسط علی دل کی تکلیف کا شکار ہو گئے



کراچی 17 / اگست: سابق ٹیسٹ کرکٹر باسط علی دل کی تکلیف کا شکار ہو گئے، لاہور کے نجی اسپتال میں زیر علاج کرکٹ نقاد 55 سالہ باسط علی کے لیے ڈاکٹرز نے انجیو پلاسٹی تجویز کر دی۔ کوچنگ کی ذمہ داری ادا کرنے والے باسط علی نے 1993ء سے 1996ء کے دوران 19 ٹیسٹ میچز کھیلے، رائٹ ہینڈ بیٹر باسط علی پاکستان کی جانب سے 50 ون ڈے انٹرنیشنل میچز بھی کھیل چکے ہیں۔ دریں اثنا باسط علی نے اپنے مداحوں اور خیر خواہوں سے دعائے صحت کی درخواست کی ہے۔




## انڈکی سری لنکا کے خلاف جیت میں بارش رکاوٹ بن سکتی ہے
## 462 کے جواب میں سری لنکا 284 پر آؤٹ، 178 رنوں کی لیڈ ملی



گالے (سری لنکا)، 17 / اگست: اس وقت سری لنکا میں بھارت کے پہلے ٹیسٹ جیتنے کے راستے میں بارش سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ پہلی اننگز میں بھارت کے 462 رنز کے جواب میں سری لنکا کی اننگز 284 رنز پر سمٹ گئی۔ جس کے بعد انڈیا کو 178 رنز کی برتری حاصل ہو گئی۔ لیکن تیسرے دن کے اختتام پر کے ایل راہل اور ان کی ٹیم بلے بازی کے لیے نہیں آسکی اس کی وجہ بارش ہے۔ ایک روشن دن کے بعد، وروندیو کو آخری اوور میں گالے میں کھیل شروع نہ ہو سکا۔ رویندر جڈیجہ نے آج 3 وکٹیں لے کر ایک مثال قائم کی۔ ابھی دو دن باقی ہیں۔ لیکن کیا ٹیسٹ جیتنے کا خواب بارش سے دھل جائے گا؟ تب ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی امید تقریباً ختم ہو جائے گی۔

بھارت نے پہلی اننگز میں دیودت پڈیکل، کے ایل راہل اور دھرو جریل کی بلے بازی پر بھروسہ کرتے ہوئے 462 رنز بنائے۔ پڈیکل 167 رنز بنانے کے بعد پویلین لوٹ گئے۔ ان کی اننگز 15 چوکوں اور 1 چھکے سے جڑی تھی۔ کے ایل راہل 82 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ جوریل نے رفتار کو برقرار رکھا اور 68 گیندوں پر 51 رنز بنائے۔ انہوں نے چار چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ دوسری جانب پربھات جے سوریا نے 109 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔ ایک سوال تھا، کیا شبمن گل پہلے اعلان نہیں کر سکتے تھے؟ ٹیم انڈیا تیسرے دن کے آغاز میں صرف 2 رنز جوڑنے کے بعد آل آؤٹ ہو گئی۔ محمد سراج نے سری لنکا کی اننگز کے آغاز میں ہی اسٹرائیک کیا۔ پھر مناو سوتھر نے اپنا جادو دکھایا۔ سری لنکا نے یکے بعد دیگرے وکٹیں گنوانا شروع کر دیں۔ لیکن سونل دنوشا اور نروشن ڈکویلا نے لنچ کے بعد دل جمعی کے ساتھ کھیلنا شروع کر دیا۔ پہلے ایک نے سنچری بنائی۔ 168 گیندوں کی اننگز میں 4 چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔ دوسری جانب نیروشن نے 80 رنز بنائے۔ پراسیدھ کرشنا نے اسے چائے کے وقفے کے فوراً بعد واپس کر دیا۔ اس جوڑی کے ٹوٹتے ہی سری لنکا کا زوال شروع ہو گیا۔ وہ 236 رن پر 6 وکٹ پر تھے جبکہ 284 رن پر آل آؤٹ ہو گئے۔ مانو نے 76 رن پر 4 وکٹ لئے۔ دوسری جانب رویندرا جڈیجہ نے 57 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جڈیجہ نے ٹیسٹ کرکٹ میں 350 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ اس کے ساتھ ان کے 4000 رنز بھی ہیں۔ وہ یہ کارنامہ انجام دینے والے پانچویں ہندوستانی کرکٹر بن گئے۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ انیل کمبلے، روی چندرن اشون، کپل دیو اور ہربھجن سنگھ کے پاس تھا۔ لیکن کیا جڈیجہ کا یہ کارنامہ بارش سے دھل جائے گا؟ دو دن باقی رہ جانے کے باوجود بھی خدشات موجود ہیں۔





## کرسٹیانو رونالڈو کا ریٹائرمنٹ سے متعلق بڑا اعلان سامنے آگیا




17 / اگست: پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے عندیہ دیا ہے کہ موجودہ سیزن ان کے شاندار کیریئر کا آخری سیزن ثابت ہو سکتا ہے۔ رونالڈو نے ایک انٹرویو میں کہا کہ یہ ممکنہ طور پر فٹبال میں ان کا آخری سال ہے اور وہ کھیل کو ایک یادگار ورثے کے ساتھ الوداع کہنا چاہتے ہیں۔ پانچ مرتبہ بیلن ڈی اور جیتنے والے رونالڈو انگلینڈ، اسپین، اٹلی اور سعودی عرب میں لیگ ٹائٹلز اپنے نام کر چکے ہیں جبکہ وہ بین الاقوامی فٹبال میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی بھی ہیں۔ پرتگالی کپتان گزشتہ تقریباً چار برس سے سعودی کلب النصر کا حصہ ہیں اور ان کے معاہدے میں ابھی ایک سال باقی ہے۔ رونالڈو نے کہا کہ فٹبال سے دوری کے بعد وہ سفر، خاندان اور پیڈل جیسے کھیلوں میں وقت گزارنے سمیت زندگی کے مختلف پہلوؤں سے لطف اندوز ہونا چاہتے ہیں۔ واضح رہے کہ 41 سالہ رونالڈو نے چند روز قبل ہی میں اپنی دیرینہ ساتھی جارجینا روڈریگز سے شادی کی ہے جن سے ان کے پانچ بچے بھی ہیں۔ رونالڈو اپنے کیریئر کے 1000 گول مکمل کرنے سے صرف 24 گول دور ہیں۔ دوسری جانب ان کے دیرینہ حریف لیونل میسی بھی اپنے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی کا اظہار کر چکے ہیں۔

## میسی کی مسلسل تیسری پنالٹی ضائع، انٹر میامی کو نیش وِل کے ہاتھوں شکست



17 / اگست: میجر لیگ سوکر کے اہم میچ میں نیش وِل نے میسی کی انٹر میامی کو 1-4 سے شکست دے دی۔ ارجنٹائن کے کپتان اور انٹر میامی کے اسٹار لیونل میسی کے لیے میچ مایوس کن رہا جہاں وہ پنالٹی پر گول کرنے میں ناکام رہے اور انہیں یلو کارڈ بھی دکھایا گیا۔ میسی نے 23ویں منٹ میں پنالٹی لی تاہم نیش وِل کے گول کیپر برائن شوئیگ نے ان کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ یہ مسلسل تیسرا موقع ہے جب میسی پنالٹی پر گول کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ اس سے قبل فیفا ورلڈ کپ کے دوران بھی وہ پنالٹی پر گول نہیں کر سکے تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں والد کی وفات کے بعد سے میسی انٹر میامی کو اب تک فتح نہیں دلوا سکے ہیں۔ میسی اپنے کیریئر سے متعلق بھی غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں اور ریٹائرمنٹ کا عندیہ دے چکے ہیں۔

## بائرن میونخ کے جمال موسیالا میچ کے دوران اچانک گر پڑے



17 / اگست: بائرن میونخ نے آر بی لائپزگ کو 1-3 سے شکست دے دی تاہم میچ کے دوران جرمن اسٹار جمال موسیالا کے اچانک گرنے سے سب کی توجہ ان کی جانب ہو گئی۔ متبادل کے طور پر میدان میں آنے والے موسیالا نے تقریباً 15 منٹ بعد اچانک گر پڑے جس پر دونوں ٹیموں کے کھلاڑی اور اسٹاف تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ واقعے سے کچھ دیر قبل موسیالا نے 81ویں منٹ میں گول کر کے بائرن میونخ کے شائقین کو خوش کر دیا تھا تاہم اس کے فوراً بعد انہیں میدان میں طبی امداد کی ضرورت پڑ گئی۔

بعد ازاں وہ اپنے قدموں پر چل کر میدان سے گئے۔ جرمن میڈیا کے مطابق موسیالا کو اچانک چکر آنے کی شکایت ہوئی اور تقریباً 33 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت اس کی ممکنہ وجہ قرار دیا جا رہا ہے۔ بائرن کے اسپورٹنگ ڈائریکٹر میکس ایبرل نے کہا کہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ موسیالا خیریت سے ہیں۔ موسیالا ماضی میں ٹانگ اور ٹخنے کی سنگین انجریز کا شکار رہ چکے ہیں اس لیے بائرن ان کی صحت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ کلب کو امید ہے کہ وہ جلد ٹریننگ پر واپس آجائیں گے۔

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804